فوری ریلیز کے لیے: 2023/14/5 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***بفلو میں ٹاپس سپر مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر فائرنگ کو ایک سال مکمل ہونے پر، گورنر HOCHUL نے مشرقی بفلو کی اہم ضروریات پوری کرنے کے لیے تقریباً $10 ملین کا اعلان کیا ہے***

***$5 ملین کی امداد سے مشرقی بفلو میں گھریلو مالکان کے بہتری پروگرام کو توسیع دی جائے گی***

***$4 ملین کی وفاقی گرانٹ سے دماغی صحت کی خدمات تک رسائی بڑھائی جائے گی***

***$900,000 کی ابتدائی سرمایہ کاری سے 14 مئی کی مستقل یادگار کے قیام اور ترقی کا کام کیا جائے گا***

***یہ اعلان، کمیونٹی کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے گزشتہ سال $50 ملین کی ہدف شدہ سرمایہ کاری کے بعد کیا گیا ہے***

ریاست کی پہلے سے جاری شدہ کوششوں کے حصے کے طور پر گورنر Kathy Hochul نے آج تقریباً $10 ملین کی سرمایہ کاریوں کا اعلان کیا ہے تاکہ مشرقی بفلو کمیونٹی کی ضروریات پوری کی جائیں۔ آج 14 مئی 2022 کو بفلو میں ٹاپس سپر مارکیٹ میں سفید فام بالادستی کے دہشت گردانہ حملے کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے۔

"ٹاپس سپر مارکیٹ میں تباہ کن حملے کے ایک سال بعد، مشرقی بفلو کے لیے ہماری وابستگی ثابت قدمی سے برقرار ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ کمیونٹی کے اراکین اس حملے سے برسرِ پیکار ہیں، اس لیے ہم SAMHSA کے تعاون کے لیے ناقابل یقین حد تک شکر گزار ہیں کہ کمیونٹی میں ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی بڑھائی جا رہی ہے۔ 14 مئی کی یادگار کے لیے معاونت سے لے کر، گھر کی مرمت میں امداد کے لیے اضافی فنڈنگ تک، ہم مشرقی بفلو کی جو مدد کر سکتے ہیں وہ ہم جاری رکھیں گے۔"

تقریباً $10 ملین کا اعلان کمیونٹی کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جون 2022 میںگورنر Hochul کی اعلان کردہ $50 ملین کی ہدف شدہ سرمایہ کاری کے بعد کیا گیا ہے۔

اس فنڈنگ میں شامل ہے:

- **$5 ملین** تاکہ کامیاب بفلو ایسٹ گھریلو مالک ترقیاتی پروگرام ( Buffalo East Homeowner Improvement Program, BEHIP) کو توسیع دینے کے لیے گھریلو مالکان کی سرمایہ کاریوں کے لیے اعلان کردہ ابتدائی $34.5 ملین میں اضافہ کیا جائے۔ یہ پروگرام مشرقی بفلو میں کوڈ کی خلاف ورزیوں اور نظام میں بڑی مرمتوں سمیت گھر کی ہنگامی مرمت کے لیے اہلیت حاصل کرنے والے گھریلو مالکان کی معاونت کرتا رہے گا۔
- مشرقی بفلو کمیونٹی میں ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی میں اضافہ کرنے کے لیے منشیات کی لت اور ذہنی صحت کی خدمات کی انتظامیہ ( Substance Abuse and Mental Health Services Administration, SAMHSA) کی جانب سے **$4 ملین** کی ایک وفاقی گرانٹ۔

- **$900,000** کی ابتدائی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے تاکہ 14 مئی کی مستقل یادگار کے قیام اور ترقی کی معاونت کی جائے جس کے لیے 14 مئی کے میموریل کمیشن کی جانب سے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے کہ گورنر Hochul اور میئر Byron Brown کی جانب سے اکتوبر 2022 میں جس کا اعلان کیا گیا تھا۔

یہ $4 ملین کی SAMHSA گرانٹ، تناؤ اور صدمے کے بعد کمیونٹیز میں پائیداری کے ( Resiliency in Communities After Stress and Trauma, ReCAST) گرانٹ پروگرام سے حاصل کی گئی ہے، جو زیادہ خطرہ کی زد میں نوجوانوں اور خاندانوں کی مدد کرتی ہے اور ثبوت پر مبنی، تشدد کی روک تھام، اور کمیونٹی کے نوجوانوں کی شمولیت کے پروگراموں میں پائیداری اور مساوات کو فروغ دیتی ہے۔ ReCAST ان افراد کو مربوط کرنے میں بھی مدد کرتا ہے جو اپنی زندگی میں ہونے والے واقعات کے نتیجے میں صدمے کا شکار ہو چکے ہیں اور انہیں صدمے سے باخبر رویہ جاتی صحت کی خدمات کی جانب سے علاج درکار ہے۔

ریاست نیویارک کے دفتر برائے دماغی صحت کی جانب سے ReCAST گرانٹ استعمال کی جائے گی تاکہ کمیونٹی کے متنوع اسٹیک ہولڈرز کے اتحاد کی معاونت کی جائے تاکہ ایسی پروگرامنگ تیار کی جا سکے جو بحالی پر مبنی ہو، صدمے سے باخبر ہو، اور مساوات پر مبنی طرز عمل کی صحت اور تندرستی کے بارے میں ہو۔ ReCAST گرانٹ کے بارے میں کمیونٹی کی طرف سے چلائی گئی ضروریات کی تشخیص اور منصوبہ بندی کے ذریعے ہدایت دی جائے گی۔ اس فنڈ سے متعدد پروگرامز کو فنڈ دیئے جائیں گے:

- بہترین ذاتی رویہ جاتی صحت کی رہنمائی میں ذہنی صحت کے ردعمل کی ایک سیاہ فام ٹیم، مشرقی جانب میں نوجوانوں اور خاندانوں کے ساتھ رسائی اور اضافہ جاری رکھے گی؛
- سے یس بفلو (SayYes Buffalo) اور بفلو پبلک اسکولز کے تعاون سے، یونیورسٹی نفسیاتی علاج، کمیونٹی کے صدمے کے شکار ہونے والے طلباء کے لیے طبی معاونت اور اساتذہ کے لیے تربیت فراہم کرے گی؛
- بفلو کمیونٹی کے ذہنی صحت کے غیر روایتی پروگرامز کے ذریعے سیاہ فام/افریقن امریکی روایات اور ثقافت کا احترام کرنے اور انہیں مربوط کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی تاکہ فنونِ لطیفہ پر مبنی تھیراپیز، مقامی عبادت گاہوں کے ساتھ ہم آہنگی اور روحانی بنیادوں پر علاج شامل کیے جائیں۔

اس سال کے آغاز میں، دفتر برائے ذہنی صحت نے $2.35 ملین کی SAMHSA ایمرجنسی ردعمل گرانٹ وصول کی ہے، جو بفلو کی مشرقی جانب مقامی کمیونٹی کی تنظیموں میں تقسیم کی جائے گی تاکہ ذہنی صحت کے وسائل کا ایک سلسلہ فراہم کیا جا سکے جس سے نسل پرستی سے مشتعل فائرنگ سے متاثرہ رہائشیوں کی مدد کی جا سکے جس میں گزشتہ سال دس افراد ہلاک ہو گئے تھے۔

**ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan نے کہا،** "کسی المناک فائرنگ کے حادثے سے پیدا ہونے والا رنج اور صدمہ اس صدماتی واقعے کے بہت بعد تک برقرار رہتا ہے۔ ناامیدی کا خوف اور احساسات تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ ہم کمیونٹی میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ جو کام کر رہے ہیں وہ رہائشیوں کو ریلیف فراہم کر رہا ہے، اور SAMHSA کی جانب سے یہ فنڈنگ ہماری مدد کرے گی کہ بفلو کے لوگوں کو مزید معاونت فراہم کی جائے۔"

**سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Chuck Schumer نے کہا،** "اس خوفناک نقصان کو بیان کرنے کے لیے واقعی کوئی الفاظ کافی نہیں ہیں جو ایک سال قبل پوری بفلو کمیونٹی نے اٹھایا ہے، جب صرف اپنی جلد کی رنگت کی وجہ سے ان کے اپنے دس افراد کو بے حسی سے قتل کر دیا گیا تھا۔ لیکن اس سانحے کا سامنا کرتے ہوئے، مشرقی جانب کی کمیونٹی نے انحراف اور قیادت کے ساتھ واپس بحالی حاصل کی ہے، اور کھانے کے عدم تحفظ کے سدباب سے لے کر، اچھی تنخواہ والے صنعتکاری کیریئر کے لیے کارکنوں کو تربیت دینے تک، مشرقی جانب تک کئی ملینز کی فراہمی کے لیے ہم کام کر رہے ہیں۔ لیکن ہمارا کام ابھی شروع ہوا ہے - بفلو کی مشرقی جانب کو صحت یاب ہونے اور مستقبل کی تعمیر کے لیے مضبوط سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ تقریباً $10 ملین کی یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ مشرقی جانب کی کمیونٹی کو دماغی صحت کی بہتر خدمات، ملکیت مکان کے ایک اعلیٰ درجے کے اصلاحی پروگرام، اور ایک یاددہانی تک رسائی حاصل ہو جو ہمیں ایک سال قبل ہونے والے نقصانات کی تادیر یاد دلاتی ہے۔ ہم نے باہم مل کر ناقابل یقین پائیداری کے ساتھ اس المناک واقعے سے نمٹنے کے لیے کام کیا ہے، اور میں

سب کے لیے ایک محفوظ اور زیادہ منصفانہ بفلو تعمیر کرنے کے لیے ہر قدم پر گورنر Hochul، اپنے کمیونٹی رہنماؤں اور بہادر خاندانوں کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔"

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا،** "ایک سال پہلے ہر چیز بدل گئی تھی۔ ہماری کمیونٹی کو نشانہ بنایا گیا تھا اور ہمارے پڑوسیوں اور دوستوں کو قتل کیا گیا تھا۔ اب مشرقی بفلو کی تعمیر نو اور گہرے جذباتی زخموں کو بھرنے پر مسلسل توجہ دی جا رہی ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "جیفرسن پر بڑے پیمانے پر فائرنگ کے ایک سال بعد، ہمارا غم اب بھی اتنا ہی اعصاب شکن ہے۔ اگرچہ شفایابی کی جانب جانے والا راستہ ہر ایک کے لیے مختلف نظر آتا ہے، لیکن ہم بذریعہ ہدف شدہ سرمایہ کاری اور رسائی سمیت، ایک دوسرے کی مسلسل حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، جس کی مدد سے گہری رنگت والی کمیونٹیز اور بفلو کی مشرقی جانب کو مجموعی طور پر براہ راست مدد فراہم کی جا رہی ہے۔ جیسا کہ ہم اس دن چھینی جانے والی 10 زندگیاں یاد کرتے ہیں، اسی طرح ہم ان کی یاد میں ایک بہتر اور زیادہ جامع مستقبل بنانے کا وعدہ کرتے ہیں، اور یہ اعلان اسی عزم پر استوار ہے۔"

**اکثریتی لیڈر Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "اس سال ماؤں کا دن بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بہت سے خاندان اپنے والدین اور پیاروں کو یاد کر رہے ہیں اور ان کی تعظیم کر رہے ہیں جو ایک سال قبل نسل پرستی کی وجہ سے بے حسی سے ہم سے جدا ہو گئے تھے۔ ہم متاثرین کے خاندانوں، علاقے کے رہائشیوں، اور زندہ بچ جانے والوں سے بدستور محبت اور مدد کرتے رہیں گے جب کہ اس دوران وہ تسلی حاصل کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے، بہت سے لوگوں کو ان موجودہ تفاوتوں کو تسلیم کرنے اور ان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے المیے کا سامنا کرنا پڑا ہے جو میرے لوگوں کے لیے زندگی کا ایک قرینہ بن چکی ہیں۔ گورنر Hochul اور ان کی انتظامیہ مساوات کے قیام کے لیے بفلو کی اجتماعی وکالت کی کوششوں میں مشرقی جانب کا ساتھ دیتے ہوئے ان کے لیے ایک اہم شراکت دار رہ چکے ہیں - وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کئی دہائیوں کی پہلے سے ہونے والی تفرقہ بندی، عدم سرمایہ کاری اور تنزلی کو ختم کرنے کے لیے تیزی سے زیادہ سرمایہ کاری کی ضرورت ہو گی۔ ریاستی وسائل اور مسلسل حمایت کرنے پر ہم گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں کیونکہ ہماری کمیونٹی نفرت کے اس عمل سے نجات پا رہی ہے۔"

**بفلو کے میئر Byron Brown نے کہا،** "جیسا کہ ہم نسل پرستی کے تحت بڑے پیمانے پر فائرنگ کی برسی کی یادیں دہرا رہے ہیں جس نے ہماری کمیونٹی کو ہلا کر رکھ دیا تھا، تو ہمیں اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ سیاہ فام شہریوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے اور مشرقی بفلو میں تاریخی عدم مساوات پر قابو پانے کے لیے وسائل کو بامقصد انداز میں استعمال کیا جائے۔ سیاہ فام باشندوں کے لیے معاشی نقل و حرکت کے حصول کے لیے گھروں کی مرمت کے ساتھ دماغی صحت کی خدمات تک رسائی کے لیے کی گئی یہ کلیدی سرمایہ کاری بہت ضروری ہے۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ہمارے شہر کے ساتھ کھڑی ہیں اور جبکہ ہم بحالی اور شفایابی کی جانب قدم بڑھا رہے ہیں تو وہ ہماری بھرپور معاونت کر رہی ہیں۔"

###